أُرِيْدُ أَحْذِيَةً سَوْدَاءَ	میں کالے جوتے خریدنا چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكَ أَحْذِيَةٌ لِلْأَطْفَالِ	کیا آپ کے پاس بچوں کے جوتے ہیں۔

هٰذَا الْحِذَاءُ كَبِيْرٌ	یہ جوتا بڑا ہے۔
أُرِيْدُ حِذَاءً اٰخَرَ	مجھے دوسرا جوتا چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ شَبَاشِبُ؟	کیا آپ کے پاس چپل ہیں؟
أُرِيْدُ شِبْشِبَ اَسْوَدَ	میں سیاہ چپل خریدنا چاہتا ہوں۔
هٰذَا الْحِذَاءُ غَالٍ جِدًّا	یہ جوتا بہت مہنگا ہے۔
هٰذَا الْحِذَاءُ جَمِيْلٌ جِدًّا	یہ جوتا بہت خوبصورت ہے۔

فعل کی پہچان — تَعْرِيْفُ الْفِعْلِ

اَقْرَأُ کا مطلب ہے میں پڑھتا ہوں۔ اس میں (اَنَا) ضمیر پوشیدہ ہے۔ جس کا معنی ہے "میں" اور اَقْرَأُ فعل ہے۔

اسی طرح تَقْرَأُ کا مطلب ہے تُو پڑھتا ہے اس میں (اَنْتَ) ضمیر پوشیدہ ہے جس کا معنی ہے "تُو" اور تَقْرَأُ فعل ہے۔

يَذْهَبُ وہ جاتا ہے یا جائے گا اَذْهَبُ میں جاتا ہوں یا جاؤں گا تَذْهَبُ تُو جاتا ہے یا جائے گا

يَقِفُ وہ رکتا ہے یا رکے گا اَقِفُ میں رکتا ہوں یا رکوں گا تَقِفُ تُو رکتا ہے یا رکے گا

مثبت اور منفی سوال و جواب:

جَاءَ وہ آیا ▪ مَا جَاءَ وہ نہیں آیا ▪ سَافَرَ اس نے سفر کیا ▪ مَا سَافَرَ اس نے سفر نہیں کیا ▪ هَلْ سَافَرَ؟ کیا اس نے سفر کیا؟ نَعَمْ، سَافَرَ ہاں، اس نے سفر کیا ▪ لَا، مَا سَافَرَ نہیں، اس نے سفر نہیں کیا ▪ اَخَذَ اس نے پکڑا ▪ مَا اَخَذَ اس نے نہیں پکڑا ▪ هَلْ اَخَذَ؟ کیا اس نے پکڑا؟ ▪ نَعَمْ، اَخَذَ ہاں، اس نے پکڑا ▪ لَا، مَا اَخَذَ نہیں، اس نے نہیں پکڑا شَرِبَ اس نے پیا ▪ مَا شَرِبَ اس نے نہیں پیا ▪ هَلْ شَرِبَ؟ کیا اس نے پیا؟ ▪ نَعَمْ، شَرِبَ ہاں، اس نے پیا لَا، مَا شَرِبَ نہیں، اس نے نہیں پیا ▪ كَتَبَ اس نے لکھا ▪ مَا كَتَبَ اس نے نہیں لکھا ▪ هَلْ كَتَبَ؟ کیا اس نے لکھا؟ نَعَمْ، كَتَبَ ہاں، اس نے لکھا ▪ لَا، مَا كَتَبَ نہیں، اس نے نہیں لکھا ▪ قَرَأَ اس نے پڑھا ▪ هَلْ قَرَأَ؟ کیا اس نے پڑھا؟ نَعَمْ، قَرَأَ ہاں، اس نے پڑھا ▪ لَا، مَا قَرَأَ نہیں، اس نے نہیں پڑھا

مذکر کی مذکر سے گفتگو — اَلْحِوَار

نوید: هَلْ ذَهَبْتَ يَا اَحْمَدُ؟	احمد، کیا تُو گیا تھا؟
احمد: نَعَمْ ، ذَهَبْتُ	ہاں، میں گیا تھا۔
نوید: هَلْ سَافَرْتَ يَا اَحْمَدُ؟	احمد، کیا تُو نے سفر کیا؟
احمد: نَعَمْ ، سَافَرْتُ	ہاں، میں نے سفر کیا۔

مذکر کی مؤنث سے گفتگو — اَلْحِوَار

طارق: هَلْ ذَهَبْتِ يَا فَاطِمَةُ؟	فاطمہ، کیا تُو گئی تھی؟
فاطمہ: نَعَمْ، ذَهَبْتُ	ہاں، میں گئی تھی۔
طارق: هَلْ سَافَرْتِ يَا فَاطِمَةُ؟	فاطمہ، کیا تُو نے سفر کیا؟
فاطمہ: نَعَمْ ، سَافَرْتُ	ہاں، میں نے سفر کیا۔
طارق: هَلْ حَجَجْتِ يَا فَاطِمَةُ؟	فاطمہ، کیا تُو نے حج کیا؟
فاطمہ: نَعَمْ ، حَجَجْتُ	ہاں، میں نے حج کیا۔

فعل ماضی کے صیغے — اَلْفِعْلُ الْمَاضِی

فعل ماضی وہ فعل ہے جس میں گزرا ہوا زمانہ پایا جائے جیسے: ذَهَبَ اَحْمَدُ احمد گیا۔

ذَهَبَ وہ ایک مرد گیا	ذَهَبَا وہ دو مرد گئے	ذَهَبُوْا وہ سب مرد گئے
ذَهَبَتْ وہ ایک عورت گئی	ذَهَبَتَا وہ دو عورتیں گئیں	ذَهَبْنَ وہ سب عورتیں گئیں
ذَهَبْتَ تُو ایک مرد گیا	ذَهَبْتُمَا تم دو مرد گئے	ذَهَبْتُمْ تم سب مرد گئے

- ذَهَبْتِ تُو ایک عورت گئی ۔ ذَهَبْتُمَا تم دو عورتیں گئیں ۔ ذَهَبْتُنَّ تم سب عورتیں گئیں
- ذَهَبْتُ میں گیا/میں گئی ۔ ذَهَبْنَا ہم سب (عورتیں/مرد) گئے

مثالیں الْاَمْثِلَة

- ذَهَبَ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ مسجد کی طرف گیا ۔ ذَهَبَتْ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ مسجد کی طرف گئی
- ذَهَبُوْا اِلَى الْمَسْجِدِ وہ سب مسجد کی طرف گئے ۔ ذَهَبْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ سب مسجد کی طرف گئیں

فعل مضارع کے صیغے — اَلْفِعْلُ الْمُضَارِعُ

فعل مضارع وہ فعل ہے جس میں حال اور مستقبل دونوں زمانے پائے جاتے ہیں جیسے:

یَذْهَبُ اَحْمَدُ احمد جاتا ہے یا جائے گا۔

یَذْهَبُ	وہ ایک مرد جاتا ہے یا جائے گا	یَذْهَبَانِ	وہ دو مرد جاتے ہیں یا جائیں گے
یَذْهَبُوْنَ	وہ سب مرد جاتے ہیں یا جائیں گے	تَذْهَبُ	وہ ایک عورت جاتی ہے یا جائے گی
تَذْهَبَانِ	وہ دو عورتیں جاتی ہیں یا جائیں گی	یَذْهَبْنَ	وہ سب عورتیں جاتی ہیں یا جائیں گی
تَذْهَبُ	تُو ایک مرد جاتا ہے یا جائے گا	تَذْهَبَانِ	تم دو مرد جاتے ہو یا جاؤ گے
تَذْهَبُوْنَ	تم سب مرد جاتے ہو یا جاؤ گے	تَذْهَبِيْنَ	تُو ایک عورت جاتی ہے یا جائے گی
تَذْهَبَانِ	تم دو عورتیں جاتی ہو یا جاؤ گی	تَذْهَبْنَ	تم سب عورتیں جاتی ہو یا جاؤ گی
اَذْهَبُ	میں ایک (عورت/مرد) جاتا ہوں یا جاؤں گا	نَذْهَبُ	ہم سب (عورتیں/مرد) جاتے ہیں یا جائیں گے

مثالیں اَلْاَمْثِلَة

▪ يَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ مسجد کی طرف جاتا ہے ▪ يَذْهَبُوْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ سب مسجد کی طرف جاتے ہیں ▪ تَذْهَبُ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ مسجد کی طرف جاتی ہے ▪ يَذْهَبْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ وہ سب مسجد کی طرف جاتی ہیں۔

فعل امر اَلْفِعْلُ الْاَمْر

فعل امر وہ فعل ہے جس میں مخاطب کو کوئی کام انجام دینے کا حکم دیا جائے یا التجا کی جائے۔ جیسے: اُنْصُرْ تُو مدد کر

▪ اِذْهَبْ تُو ایک مرد جا ▪ اِذْهَبَا تم دو مرد جاؤ ▪ اِذْهَبُوْا تم سب مرد جاؤ

▪ اِذْهَبِیْ تُو ایک عورت جا ▪ اِذْهَبَا تم دو عورتیں جاؤ ▪ اِذْهَبْنَ تم سب عورتیں جاؤ

مثالیں اَلْاَمْثِلَة

▪ اِذْهَبْ اِلَى الْمَسْجِدِ تُو (ایک مرد) مسجد کی طرف جا ▪ اِذْهَبَا اِلَى الْمَسْجِدِ تم دونوں (مرد) مسجد کی طرف جاؤ ▪ اِذْهَبُوْا اِلَى الْمَسْجِدِ تم سب (مرد) مسجد کی طرف جاؤ ▪ اِذْهَبِیْ اِلَى الْمَسْجِدِ تُو (ایک عورت) مسجد کی طرف جا ▪ اِذْهَبَا اِلَى الْمَسْجِدِ تم دونوں (عورتیں) مسجد کی طرف جاؤ ▪ اِذْهَبْنَ اِلَى الْمَسْجِدِ تم سب (عورتیں) مسجد کی طرف جاؤ

سفر سے متعلق الفاظ عَنِ السَّفَر

اَلتَّذْكِرَةُ ٹکٹ　اَلْقِطَارُ ریل گاڑی　اَلرُّكَّابُ مسافر، سواریاں　اَلدَّرَجَةُ الْاُوْلٰى اوّل درجہ

اَلدَّرَجَةُ الثَّانِيَةُ دوسرا درجہ　اَلْبِضَاعَةُ، اَلْعَفْشُ سامان　اَلْمَطَارُ ایئرپورٹ　اَلْمَحَطَّةُ اسٹیشن

جُمْرُكٌ کسٹم　اَتُوْبِيْسُ بس　وِكَالَةُ السَّفَرِ ٹریول ایجنسی　غُرْفَةُ الْاِنْتِظَارِ انتظار گاہ　اَلسَّفِيْنَةُ کشتی

تجارت سے متعلق الفاظ عَنِ التِّجارة

اَلْبَيْعُ بیچنا اَلشِّرَاءُ خریدنا اُجْرَةٌ مزدوری سِمْسَارٌ دلال اَلْوَكَالَةُ ایجنٹ یا ایجنسی اَلشَّرِكَةُ کمپنی
اَلْوَكِيْلُ ایجنٹ اَلْمَكْتَبُ آفس اَلْقَائِمَةُ شیڈول رَأْسُ الْمَالِ اصل مال اِسْقَاطٌ کمی یا گرنا
اَلْوُصُوْلُ وصول کرنا حَوَالَةٌ سپردگی فَائِدَةٌ نفع نُزُوْلُ السِّعْرِ قیمت میں کمی سُلْفَةٌ بیعانہ
اِرْتِفَاعُ السِّعْرِ مہنگائی زَبُوْنٌ گاہک اَلتَّصْدِيْرُ مال باہر بھیجنا اَلْاِجْتِلَابُ مال کو منتقل کرنا
اَلْمِسْطَرَةُ پیمانہ اَلْبَرْنَامِجُ پروگرام عُنْوَانٌ پتا اَلْمُذَكِّرَةُ یاددہانی یا ریمائنڈ اَلضَّمَانُ ضمانت
تَأْمِيْنٌ انشورنس اَلْمَجْمُوْعُ ٹوٹل اَلضَّرِيْبَةُ ٹیکس اَلْفَاتُوْرَةُ رسید اَلسِّعْرُ قیمت اَلْمِيْزَانُ ترازو
اَلرِّبْحُ نفع اَلْمِقْدَارُ اندازہ اَلْخَسَارَةُ نقصان اَلْاِتِّفَاقُ اتفاق اَلْمُقَاوِلُ ٹھیکیدار

امراض سے متعلق الفاظ اَلْاَمْرَاض

اَلنَّزْلَةُ نزلہ اَلصُّدَاعُ سردرد وَجْعُ الْبَطْنِ پیٹ درد وَجْعُ الْعَيْنِ آنکھ کا درد اَلْاِمْسَاكُ قبض
اَلْاِسْهَالُ پیچش اَلدَّوْخُ چکرانا اَلْقَيْءُ قے اَلْحُمّٰى بخار اَلزَّرْقُ پیشاب کی تکلیف
اَلضُّعْفُ کمزوری اَلْوَرَمُ سوجن اَلْاَلَمُ درد، تکلیف اَلْجُرْحُ زخم اَلدَّمُ خون اَلرُّعَافُ نکسیر
اَلسُّعَالُ کھانسی اَلْحِكَّةُ/اَلْجَرَبُ خارش

پیشے اور ہنر اَلْفُنُوْنُ وَالْحِرَف

اَلطَّبِيْبُ ڈاکٹر اَلصَّرَّافُ کرنسی تبدیل کرنے والا اَلْجَزَّارُ قصاب اَلْبَقَّالُ سبزی فروش
اَلْفَاكِهَانِيُّ پھل فروش اَللَّبَّانُ دودھ فروش اَلسَّمَّانُ گھی فروش اَلزَّيَّاتُ تیل فروش

اَلْحَلْوَانِیُّ حلوائی اَلتَّمَّارُ کھجور فروش اَلْبَزَّازُ کپڑا فروش اَلْعَطَّارُ عطر فروش اَلْخَيَّاطُ درزی
اَلْغَسَّالُ دھوبی اَلْخَبَّازُ نان بائی اَلْحَلَّاقُ حجام اَلْبَنَّاءُ معمار اَلسَّقَّاءُ ماشکی اَلْعَصَّارُ جوس فروش
اَلْفَلَّاحُ کسان اَلْحَائِكُ جولاہا اَلْحَدَّادُ لوہار اَلسَّائِقُ ڈرائیور اَلْعَسَّالُ شہد فروش

جسم سے متعلق الفاظ — عَنْ اَعْضَاءِ الْجِسْمِ

اَلرَّاْسُ سر اَلْاَنْفُ ناک اَلْوَجْهُ چہرہ اَلرَّقَبَةُ گردن اَلشَّارِبُ مونچھ اَلْفَمُ منہ اَللِّحْيَةُ داڑھی
اَلظَّهْرُ پشت اَلرِّجْلُ ٹانگ اَلْقَدَمُ قدم اَلْعَيْنُ آنکھ اَلشَّفَةُ ہونٹ اَلْاُذُنُ کان اَللِّسَانُ زبان
اَلصَّدْرُ سینہ اَلشَّعْرُ بال اَلْيَدُ ہاتھ اَلْحَاجِبُ ابرو اَلْحَلْقُ گلا اَلْاَسْنَانُ دانت اَلذَّقَنُ ٹھوڑی
اَلدَّمُ خون اَلْعَرَقُ پسینہ اَلْبَطْنُ پیٹ اَلْجَبْهَةُ پیشانی اَلْقَلْبُ دل اِصْبَعٌ انگلی اَلظُّفْرُ ناخن

مختلف دکانوں اور جگہوں کی سیر

درزی کی دکان پر گفتگو — حِوَارٌ فِيْ دُكَّانِ الْخَيَّاطِ

گاہک:	السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
درزی:	وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته.	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
گاہک:	اَيُّهَا الْخَيَّاطُ اُرِيْدُ مِنْكَ اَنْ تَاْخُذَ قِيَاسِيْ وَتُفَصِّلَ لِيْ قَمِيْصًا وَسِرْوَالًا	درزی صاحب! میں چاہتا ہوں، آپ میرا ناپ لے لیں اور میرے لیے قمیص اور شلوار سی دیں۔
درزی:	بِكُلِّ سُرُوْرٍ يَا اَخِيْ	بڑی خوشی سے، بھائی۔
گاہک:	اُرِيْدُ اَنْ تَعْمَلَ لِيْ صَدْرِيَّةً	میں چاہتا ہوں، آپ میرے لیے واسکٹ تیار کر دیں۔

درزی:	تَفَضَّلْ اِلْبَسْ هٰذِهٖ، لِاَنَّهَا عَلٰى قِيَاسِكَ تَمَامًا عَلٰى قَدِّكَ	برائے مہربانی آپ یہ پہن کر دیکھیں، یہ تو آپ کے بدن پر بالکل فٹ ہے۔
گاہک:	مَتٰى تُخَيِّطُ لِيْ هٰذَا الْقَمِيْصَ ؟	آپ مجھے یہ قمیص کب سی کر دیں گے؟
درزی:	أُخَيِّطُهٗ يَوْمَ السَّبْتِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ	ان شاء اللہ ہفتے کے دن سی دوں گا۔
گاہک:	كَمْ اُجْرَةُ الْخِيَاطَةِ ؟	سلائی کتنی ہوگی؟
درزی:	اُجْرَةُ الْخِيَاطَةِ عِشْرُوْنَ رِيَالاً	سلائی بیس ریال ہے۔
گاہک:	شُكْرًا لَكُمْ	آپ کا شکریہ۔

مسافر اور ہوٹل والے کے درمیان گفتگو / حِوَارٌ بَيْنَ الْمُسَافِرِ وَمُوَظَّفِ الْفُنْدُقِ

مسافر:	السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
ہوٹل والا:	وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته.	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
مسافر:	اَنَا جِئْتُ مِنْ بَاكِسْتَانَ وَ اُرِيْدُ الْاِقَامَةَ فِيْ هٰذَا الْفُنْدُقِ	میں پاکستان سے آیا ہوں اور اس ہوٹل میں قیام کرنا چاہتا ہوں۔
ہوٹل والا:	تَفَضَّلْ كَمْ يَوْمًا تُرِيْدُ الْاِقَامَةَ ؟	تشریف رکھیے! آپ کتنے دن قیام کریں گے؟
مسافر:	اُرِيْدُ الْاِقَامَةَ هُنَا عِشْرِيْنَ يَوْمًا	میں یہاں بیس دن قیام کروں گا۔
ہوٹل والا:	مِنْ فَضْلِكَ اَعْطِنِيْ جَوَازَ السَّفَرِ	برائے مہربانی پاسپورٹ مجھے دے دیں۔
مسافر:	هٰذَا جَوَازُ سَفَرِيْ	یہ میرا پاسپورٹ ہے۔
	هَلْ عِنْدَكُمْ غُرْفَةٌ مُتَوَفِّرَةٌ؟	کیا آپ کے پاس خالی کمرہ ہے؟

ہوٹل والا:	نَعَمْ، عِنْدَنَا غُرْفَةٌ مُتَوَفِّرَةٌ فِي الدَّوْرِ الثَّالِثِ	جی ہاں، ہمارے پاس تیسری منزل پر خالی کمرہ ہے
مسافر:	هَلْ عِنْدَكُمْ غُرْفَةٌ مُتَوَفِّرَةٌ فِي الدَّوْرِ الْأَرْضِي؟	کیا آپ کے پاس گراؤنڈ فلور پر خالی کمرہ ہے؟
ہوٹل والا:	لَا تُوجَدُ فِي الدَّوْرِ الْأَرْضِي غُرْفَةٌ مُتَوَفِّرَةٌ	گراؤنڈ فلور پر کوئی خالی کمرہ نہیں ہے۔
مسافر:	كَمْ أُجْرَةُ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ؟	دن رات کا کتنا کرایہ ہے؟
ہوٹل والا:	عِشْرُونَ رِيَالًا فَقَطْ	صرف بیس ریال۔
مسافر:	أُرِيدُ سَرِيرًا وَاحِدًا	مجھے ایک چارپائی چاہیے۔
	أُرِيدُ سَرِيرَيْنِ	مجھے دو چارپائیوں کی ضرورت ہے۔
ہوٹل والا:	هَلْ أَنْتَ وَحْدَكَ؟	کیا آپ اکیلے ہیں؟
مسافر:	نَعَمْ، أَنَا وَحْدِي	ہاں، میں اکیلا ہوں۔
	نَحْنُ ثَلَاثَةُ أَشْخَاصٍ	ہم تین آدمی ہیں۔
	هَلْ فِي الْغُرْفَةِ حَمَّامٌ؟	کیا کمرے میں غسل خانہ ہے؟
ہوٹل والا:	نَعَمْ، فِي الْغُرْفَةِ حَمَّامٌ	ہاں، کمرے میں غسل خانہ ہے۔
مسافر:	أَيْنَ الْمَطْعَمُ؟	ریسٹورنٹ کہاں ہے؟
ہوٹل والا:	هُنَاكَ فِي الدَّوْرِ الثَّانِي	وہاں دوسری منزل پر ہے۔
	هَلْ عِنْدَكَ أَمَانَةٌ؟	کیا آپ کے پاس کوئی امانت ہے؟
مسافر:	نَعَمْ، هٰذَا نُقُودِي	ہاں، یہ میری نقدی ہے۔ یعنی میرے پاس نقد رقم ہے۔
	هٰذِهِ بِضَاعَتِي أَضَعُهَا عِنْدَكَ	یہ میرا سامان ہے جسے میں آپ کے پاس رکھوانا چاہتا ہوں

ریسٹورنٹ میں گفتگو — حِوَارٌ فِي الْمَطْعَمِ

هَلْ يُوجَدُ هُنَا مَطْعَمٌ بَاكِسْتَانِيٌّ؟	کیا یہاں پاکستانی ریسٹورنٹ ہے؟
هَلْ يُوجَدُ هُنَا مَطْعَمٌ هِنْدِيٌّ؟	کیا یہاں ہندوستانی ریسٹورنٹ ہے؟
أَيْنَ تُوجَدُ أَطْعِمَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟	پاکستانی کھانے کہاں ملتے ہیں؟
أُرِيدُ مَطْعَمًا نَظِيفًا	مجھے صاف ستھرا ریسٹورنٹ چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ غَدَاءٌ؟	کیا آپ کے پاس دوپہر کا کھانا ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ أَطْعِمَةٌ بَاكِسْتَانِيَّةٌ؟	کیا آپ کے پاس پاکستانی کھانے ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ أَطْعِمَةٌ هِنْدِيَّةٌ؟	کیا آپ کے پاس ہندوستانی کھانے ہیں؟
أُرِيدُ أَنْ آكُلَ الطَّعَامَ بِالْفُلْفُلِ	میں مرچ والا کھانا کھانا چاہتا ہوں۔
أُرِيدُ طَعَامًا بِدُونِ فُلْفُلٍ	میں مرچ کے بغیر کھانا چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ عَدَسٌ؟	کیا آپ کے پاس دال ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ أَرُزٌّ وَلَحْمُ الْعِجْلِ؟	کیا آپ کے پاس چاول اور گائے کا گوشت ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ لَحْمُ الْغَنَمِ؟	کیا آپ کے پاس بکری کا گوشت ہے؟
أُرِيدُ لَحْمَ الدَّجَاجِ	مجھے مرغی کا گوشت چاہیے۔
أُرِيدُ أَنْ أَتَنَاوَلَ أَطْعِمَةً لَذِيذَةً	میں اچھے اور لذیذ کھانے کھانا چاہتا ہوں۔
أَنَا أَتَنَاوَلُ الْغَدَاءَ فِي الْمَطْعَمِ الْكَبِيرِ	میں دوپہر کا کھانا بڑے ریسٹورنٹ میں کھاتا ہوں۔
أُرِيدُ أَنْ آكُلَ الْخَضْرَوَاتِ مَعَ الْخُبْزِ	میں سبزیوں سے روٹی کھانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ اَنْ اٰكُلَ لَحْمًا مَفْرُوْمًا	میں قیمہ کھانا چاہتا ہوں۔
مِنْ فَضْلِكَ اَعْطِنِيْ بَعْضَ فُلْفُلٍ اَسْوَدَ	براے مہربانی کچھ کالی مرچ دے دیں۔
أُرِيْدُ فِلْفِلًا اَحْمَرَ	مجھے سرخ مرچ چاہیے۔
أُرِيْدُ فِلْفِلًا اَخْضَرَ	مجھے سبز مرچ چاہیے۔
أُرِيْدُ اَنْ اٰكُلَ دَجَاجَةً مَشْوِيَّةً	میں مرغ روسٹ کھانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ بَعْضَ الْمِلْحِ	مجھے کچھ نمک چاہیے۔
أُرِيْدُ مِلْعَقَةً صَغِيْرَةً	مجھے چھوٹا چمچ چاہیے۔
أُرِيْدُ الْمَاءَ الْبَارِدَ	مجھے ٹھنڈا پانی چاہیے۔
مَاذَا عِنْدَكُمْ فِي الْعَشَاءِ؟	رات کے کھانے میں آپ کے پاس کیا ہے؟
أُرِيْدُ بَعْضَ الْخَضْرَوَاتِ	میں کچھ سبزیاں چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ اللَّبَنَ مَعَ الْخُبْزِ	میں روٹی کے ساتھ دودھ چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ فُطُوْرٌ جَاهِزٌ؟	کیا آپ کے ہاں ناشتا تیار ہے؟
أُرِيْدُ اَنْ اَشْرَبَ الشَّايَ	میں چائے پینا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ اَنْ اَشْرَبَ الْحَلِيْبَ	میں دودھ پینا چاہتا ہوں۔
اَنَا لَا اَشْرَبُ الشَّايَ الْاَسْوَدَ	میں کالی چائے نہیں پیتا۔
اَنَا اَشْرَبُ الشَّايَ الْاَخْضَرَ	میں سبز چائے پیتا ہوں۔
اَنَا اَشْرَبُ الشَّايَ بِالْحَلِيْبِ	میں دودھ والی چائے پیتا ہوں۔
اَنَا اٰكُلُ الْقِشْطَةَ وَالْخُبْزَ	میں روٹی اور بالائی کھاتا ہوں۔

أَنَا أُحِبُّ الْحَلِيبَ	مجھے دودھ پسند ہے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ عَسَلٌ صَافٍ؟	کیا آپ کے پاس خالص شہد ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي بَعْضَ السُّكَّرِ	برائے مہربانی مجھے کچھ چینی دے دیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ زُبْدَةٌ؟	کیا آپ کے پاس مکھن ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ سَمْنٌ نَبَاتِيٌّ؟	کیا آپ کے پاس بناسپتی گھی ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ زَيْتُ الزَّيْتُونِ؟	کیا آپ کے پاس زیتون کا تیل ہے؟
بِكَمْ هٰذَا الْفُطُورُ؟	یہ ناشتا کتنے کا ہے؟
بِكَمْ هٰذَا الطَّعَامُ؟	اس کھانے کی کیا قیمت ہے؟
كَمْ مَجْمُوعُ الْحِسَابِ؟	کل کتنا بل بنا ہے؟
اَلْمَجْمُوعُ خَمْسٌ وَعِشْرُونَ رِيَالًا	25 ریال بل بنا ہے۔
مَعَ السَّلَامَةِ	سلامتی کے ساتھ۔

پھلوں کی دکان پر گفتگو / حِوَارٌ فِي دُكَّانِ الْفَوَاكِهِ

أُرِيدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْفَوَاكِهِ	میں کچھ پھل خریدنا چاہتا ہوں۔
هٰذِهِ الْفَوَاكِهُ طَازَجَةٌ	یہ تازہ پھل ہیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ تُفَّاحٌ؟	کیا آپ کے پاس سیب ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ بُرْتُقَالٌ؟	کیا آپ کے پاس مالٹے ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ خُوخٌ؟	کیا آپ کے پاس آڑو ہیں؟

هَلْ عِنْدَكُمْ تِيْنٌ؟	کیا آپ کے پاس انجیر ہے؟
أُرِيْدُ اثْنَيْنِ كِيْلُوْ مِنَ الْعِنَبِ	مجھے دو کلو انگور چاہئیں۔
أُرِيْدُ ثَلَاثَةَ كِيْلُوْ عِنَبًا اَسْوَدَ	مجھے تین کلو سیاہ انگور چاہئیں۔
أُرِيْدُ نِصْفَ كِيْلُوْ زَيْتُوْنًا	مجھے آدھا کلو زیتون چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ جَوْزٌ هِنْدِيٌّ؟	کیا آپ کے پاس ناریل ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ مِشْمِشٌ؟	کیا آپ کے پاس خوبانی ہے؟
بِكَمِ الْكِيْلُوْ	ایک کلو کتنے کے ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ جَوْزٌ؟	کیا آپ کے پاس اخروٹ ہیں؟
أَلْقِ فِي هٰذَا الصُّنْدُوْقِ	اس کریٹ میں ڈال دیں۔
أَعْطِنِيْ اثْنَيْنِ كِيْلُوْ مَوْزًا	مجھے دو کلو کیلے دے دیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ كُمَّثْرٰى؟	کیا آپ کے پاس ناشپاتی ہے؟
أَعْطِنِيْ اثْنَيْنِ كِيْلُوْ مَانْجُوْ	مجھے دو کلو آم دے دیں۔
بِكَمِ الْكِيْلُوْ مِنَ الْبِطِّيْخِ؟	تربوز کیا کلو ہیں؟
بِكَمِ الْكِيْلُوْ مِنَ التُّوْتِ؟	شہتوت کیا کلو ہیں؟
بِكَمِ الْكِيْلُوْ مِنَ الرُّطَبِ؟	کھجور (رُطب) کیا کلو ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ فُسْتُقٌ؟	کیا آپ کے پاس پستہ ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ لَوْزٌ؟	کیا آپ کے پاس بادام ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ قَصَبُ السُّكَّرِ؟	کیا آپ کے پاس گنا ہے؟

اَعْطِنِی ثَلَاثَةَ كِيلُو مِنْ تُفَّاحٍ لُبْنَانِيٍّ	مجھے تین کلو لبنانی سیب دے دیں۔
بِكَمْ كُلُّ هٰذِهِ الْفَوَاكِهِ؟	یہ تمام پھل کتنے کے ہیں؟
كُلُّ هٰذِهِ الْفَوَاكِهِ بِثَلَاثِيْنَ رِيَالًا	یہ سب پھل تیس ریال کے ہیں۔

سبزی کی دکان پر گفتگو — حِوَارٌ فِي دُكَّانِ الْخَضْرَوَاتِ

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْخَضْرَوَاتِ	میں کچھ سبزیاں خریدنا چاہتا ہوں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ خَضْرَوَاتٌ طَازَجَةٌ؟	کیا آپ کے پاس تازہ سبزیاں ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ بَطَاطِسُ؟	کیا آپ کے پاس آلو ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ طَمَاطِمُ؟	کیا آپ کے پاس ٹماٹر ہیں؟
أُرِيْدُ كِيلُو مِنْ بَامِيَا	مجھے ایک کلو بھنڈی چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ يَقْطِيْنٌ؟	کیا آپ کے پاس کدو ہیں؟
هَلْ عِنْدَكُمْ ثُوْمٌ؟	کیا آپ کے پاس لہسن ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِي كِيلُو بَصَلًا	برائے مہربانی مجھے ایک کلو پیاز دے دیں۔
هَلْ عِنْدَكُمْ فُجْلٌ؟	کیا آپ کے پاس مولی ہے؟
بِكَمِ الْكِيلُو مِنَ الْخِيَارِ؟	ایک کلو کھیرے کتنے کے ہیں؟
بِكَمِ الْكِيلُو مِنْ بَاذِنْجَانٍ؟	ایک کلو بینگن کتنے کے ہیں؟
أُرِيْدُ ثَلَاثَةَ كِيلُو كُرُنْبًا؟	مجھے تین کلو بند گوبھی چاہیے۔
أُرِيْدُ كِيلُو فَاصُوْلِيَا	مجھے ایک کلو لوبیا چاہیے۔

أُرِيْدُ بَعْضَ الذُّرَةِ	مجھے کچھ مکئی چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ زَنْجَبِيْلٌ؟	کیا آپ کے پاس ادرک ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ قَرْنَبِيْطٌ؟	کیا آپ کے پاس گوبھی ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ جَزَرٌ؟	کیا آپ کے پاس گاجر ہے؟
أُرِيْدُ رُبْعَ كِيْلُوْ فِلْفِلًا أَخْضَرَ.	مجھے ایک پاؤ سبز مرچ چاہیے۔
أُرِيْدُ نِصْفَ كِيْلُوْ لَيْمُوْنًا.	مجھے آدھا کلو لیموں چاہیے۔
بِكَمِ الْكِيْلُوْ مِنَ الْحِمَّصِ؟	ایک کلو چنے کتنے کے ہیں؟
أُرِيْدُ بَعْضَ الْكُزْبَرَةِ؟	مجھے کچھ دھنیا چاہیے۔
مِنْ فَضْلِكَ حَاسِبْ كَمْ قِيْمَةُ هٰذِهِ الْخَضْرَوَاتِ كُلِّهَا.	برائے مہربانی، ان تمام سبزیوں کا بل بنا دیں۔
شُكْرًا لَكُمْ	آپ کا شکریہ۔
مَعَ السَّلَامَةِ.	آپ سلامت رہیں۔

حِوَارٌ فِي الْبَقَالَةِ — کھانے پینے کی چیزوں کے سٹور میں گفتگو

السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته.	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
أَحْتَاجُ إِلَى بَعْضِ الْمَوَادِّ الْغِذَائِيَّةِ	مجھے کھانے کی کچھ چیزوں کی ضرورت ہے۔
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ بَعْضَ الْحَاجَاتِ	میں ضرورت کی کچھ چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔

هٰذَا الْمَحَلُّ لِبَيْعِ الْمَوَادِّ الْغِذَائِيَّةِ وَ غَيْرِ ذٰلِكَ — یہ کھانے کی اشیاء اور دوسری چیزوں کی دکان ہے۔

أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ الْأَشْيَاءَ الضَّرُوْرِيَّةَ لِلْأَكْلِ — میں کھانے کی ضروری چیزیں خریدنا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ خَمْسَةَ كِيْلُوْ مِنْ أَرُزٍّ — مجھے پانچ کلو چاول چاہئیں۔

هَلْ عِنْدَكُمْ عَدَسٌ؟ — کیا آپ کے پاس دال ہے؟

مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِيْ كِيْلُوْ عَدَسًا — برائے مہربانی مجھے ایک کلو دال دے دیں۔

أُرِيْدُ كِيْلُوْ سُكَّرًا. — مجھے ایک کلو چینی چاہیے۔

أُرِيْدُ مَسْحُوْقَ الْغَسِيْلِ. — مجھے سرف چاہیے۔

أُرِيْدُ كِيْلُوْ وَ نِصْفًا مِنَ الشَّايِ الْأَخْضَرِ. — مجھے ڈیڑھ کلو سبز چائے چاہیے۔

أُرِيْدُ نِصْفَ كِيْلُوْ مِنَ الشَّايِ الْأَسْوَدِ. — مجھے آدھا کلو کالی چائے چاہیے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ صَابُوْنٌ لِلْغَسْلِ. — کیا آپ کے پاس نہانے کا صابن ہے؟

هَلْ عِنْدَكُمْ فَاصُوْلِيَا؟ — کیا آپ کے پاس لوبیا ہے؟

أُرِيْدُ ثَلَاثَةَ كِيْلُوْ زَيْتًا نَبَاتِيًّا — مجھے تین کلو بناسپتی گھی چاہیے۔

هَلْ عِنْدَكُمْ مَعْجُوْنُ الطَّمَاطِمِ؟ — کیا آپ کے پاس ٹماٹو کیچپ ہے؟

هَلْ عِنْدَكُمْ حِمَّصٌ؟ — کیا آپ کے پاس چنے ہیں؟

هَلْ عِنْدَكُمْ بَهَارَاتٌ؟ — کیا آپ کے پاس مسالا جات ہیں؟

هَلْ عِنْدَكُمْ حَلِيْبٌ مُجَفَّفٌ؟ — کیا آپ کے پاس خشک دودھ ہے؟

أُرِيْدُ بَعْضَ الْقَهْوَةِ — مجھے تھوڑا سا قہوہ چاہیے۔

بِكَمِ الْكِيْلُوْ سُكَّرًا؟	ایک کلو چینی کتنے کی ہے؟
أُرِيْدُ الْمِلْحَ	مجھے نمک چاہیے۔
أُرِيْدُ عُلْبَةً صَغِيْرَةً مِنْ زَيْتِ الزَّيْتُوْنِ	مجھے زیتون کے تیل کا ایک چھوٹا ساڈبہ چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ مَكَرُوْنَةٌ؟	کیا آپ کے پاس مکرونہ ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ خَلٌّ؟	کیا آپ کے پاس سرکہ ہے؟
مِنْ فَضْلِكَ أَعْطِنِيْ ثَلَاثَ بَيْضَاتٍ	برائے مہربانی مجھے تین انڈے دے دیں۔
أُرِيْدُ بَعْضَ الْحَاجَاتِ لِلْفُطُوْرِ	مجھے ناشتے کے لیے کچھ چیزیں چاہئیں۔
أُرِيْدُ الْقِشْطَةَ وَالْعَسَلَ وَالزُّبْدَةَ	مجھے بالائی، شہد اور مکھن چاہیے۔
بِكَمْ كُلُّ هٰذِهِ الْأَشْيَاءِ؟	یہ تمام چیزیں کتنے کی ہیں؟
خُذْ هٰذِهِ عَشْرَ رِيَالَاتٍ	لیجیے یہ دس ریال ہیں۔

حِوَارٌ فِي دُكَّانِ الْمُجَوْهَرَاتِ — سونے چاندی کی دکان میں گفتگو

السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته.	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
مِنْ فَضْلِكَ أَرِنِيْ بَعْضَ النَّمَاذِجِ مِنَ الْخَاتَمِ	برائے مہربانی مجھے انگوٹھی کے کچھ نمونے دکھائیں۔
كَمْ قِيْمَةُ هٰذَا الْخَاتَمِ؟	یہ انگوٹھی کتنے کی ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ خَاتَمٌ مِنْ فِضَّةٍ؟	کیا آپ کے پاس چاندی کی انگوٹھی ہے؟

هَلْ عِنْدَكُمْ حَلْقَةُ اُذُنٍ؟	کیا آپ کے پاس کان کی بالی ہے؟
اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِىَ هٰذِهِ الْحُلِىَّ	میں یہ زیور خریدنا چاہتا ہوں۔
اُرِيْدُ حُلِيًّا كَبِيْرَةً	میں بڑا زیور خریدنا چاہتا ہوں۔
اُرِيْدُ حُلِيًّا صَغِيْرَةً	میں چھوٹا زیور خریدنا چاہتا ہوں۔
اَعْطِنِىْ اَسْوِرَةً مِّنَ الْفِضَّةِ	مجھے چاندی کی چوڑیاں دے دیں۔
كَمْ قِيْمَةُ غَرَامٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الذَّهَبِ؟	ایک گرام سونے کی کیا قیمت ہے؟
كَمْ قِيْمَةُ غَرَامٍ وَّاحِدٍ مِّنَ الْفِضَّةِ	ایک گرام چاندی کی کیا قیمت ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ عِقْدٌ صَغِيْرٌ وَّجَمِيْلٌ؟	کیا آپ کے پاس چھوٹا اور خوبصورت ہار ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ سِلْسِلَةٌ مِّنَ الذَّهَبِ؟	کیا آپ کے پاس سونے کی زنجیری ہے؟
اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِىَ سَاعَةً ذَهَبِيَّةً	مجھے ایک سونے کی گھڑی چاہیے۔
هَلْ عِنْدَكُمْ اَصْغَرُ مِنْ هٰذِهِ؟	کیا آپ کے پاس اس سے چھوٹی (گھڑی) ہے؟
اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِىَ ذَهَبِيًّا مُّرَصَّعًا بِالْحِجَارَةِ الْكَرِيْمَةِ	مجھے ایسا ہار چاہیے جس میں قیمتی پتھر جڑے ہوئے ہوں۔
اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِىَ حَلْقَةً مَّنْقُوْشَةً مِّنَ الْفِضَّةِ	میں چاندی کا ایک منقش کڑا خریدنا چاہتا ہوں۔
بِكَمْ كُلُّ هٰذِهِ الْاَشْيَاءِ	ان تمام چیزوں کی کتنی قیمت ہے؟
هَلْ عِنْدَكُمْ خَاتَمٌ ضَخِيْمٌ وَّ ثَقِيْلٌ؟	کیا آپ کے پاس موٹی اور وزنی انگوٹھی ہے؟
اُرِيْدُ صَغِيْرًا وَّ خَفِيْفًا	مجھے چھوٹی اور کم وزن (انگوٹھی) چاہیے۔
هٰذَا الْخَاتَمُ نَفِيْسٌ جِدًّا	یہ انگوٹھی بڑی پسندیدہ اور اچھی ہے۔

بِكَمْ هٰذِهِ الْحُلِيُّ؟	اس زیور کی کتنی قیمت ہے؟
بِكَمْ هٰذِهِ الْحُلَّةُ؟	اس کپڑے کی کیا قیمت ہے؟
هٰذَا غَالٍ جِدًّا	یہ بہت مہنگا ہے۔
مِنْ فَضْلِكَ ضَعْ هٰذِهِ الْأَشْيَاءَ كُلَّهَا فِيْ مَحْفَظَةٍ	برائے مہربانی یہ تمام چیزیں ایک بکس میں رکھ دیں۔
مَعَ السَّلَامَةِ	آپ سلامت رہیں۔

روزمرہ استعمال کے چند جملے — اَلْجُمَلُ الْعَرَبِيَّةُ الْمُنْتَشِرَةُ

السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
اَلْحَمْدُلِلّٰهِ، وَصَلْنَا بِالسَّلَامَةِ إِلَى السُّعُوْدِيَّةِ	الحمدللہ، ہم سعودی عرب خیریت سے پہنچ گئے ہیں۔
هٰذِهِ جُدَّةُ، أَحَدُ مُدُنِ السُّعُوْدِيَّةِ	یہ سعودی عرب کا شہر جدہ ہے۔
اَلرِّيَاضُ هِيَ عَاصِمَةُ الْمَمْلَكَةِ الْعَرَبِيَّةِ السُّعُوْدِيَّةِ	ریاض سعودی عرب کا دارالحکومت ہے۔
هَيَّا، نَذْهَبْ إِلٰى زِيَارَةِ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	آیئے، ہم مسجد حرام کی زیارت کے لیے چلیں۔
هَيَّا، نَذْهَبْ إِلٰى غَارِ حِرَاءَ	آیئے، ہم غار حرا کی طرف چلیں۔
هَيَّا، نَذْهَبْ إِلَى الْمَدِيْنَةِ النَّبَوِيَّةِ	آیئے، مدینے کی طرف چلیں۔
هَيَّا، نَذْهَبْ إِلٰى مَوْقِعَةِ بَدْرٍ	آیئے، مقام بدر کی طرف چلیں۔
تَعَالَ، نَذْهَبْ إِلٰى جَبَلِ أُحُدٍ	آؤ، جبل احد کی طرف چلیں۔
أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلٰى مَسْجِدِ قُبَاءَ	میں مسجد قبا کی طرف جانا چاہتا ہوں۔

أُرِيْدُ الذَّهَابَ إِلَى الْقَرْيَةِ	میں گاؤں کی طرف جانا چاہتا ہوں۔
أَنَا رَاجِعٌ الْيَوْمَ مِنْ مَكَّةَ	میں آج ہی مکے سے لوٹ آؤں گا۔
أَنَا ذَاهِبٌ إِلَى عَرَفَاتٍ	میں عرفات کی طرف جا رہا ہوں۔
أَنَا أُصَلِّيْ فِيْ مَسْجِدِ نَمِرَةَ	میں مسجد نمرہ میں نماز پڑھتا ہوں۔
أُحِبُّ أَنْ أَشْرَبَ مَاءَ زَمْزَمَ	میں آبِ زمزم پینا پسند کرتا ہوں۔
أَنَا أَسْعَى بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ	میں صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرتا ہوں۔
اِشْتَدَّتِ الْحَرَارَةُ فِيْ هٰذِهِ الْأَيَّامِ	ان دنوں بہت سخت گرمی ہے۔
أَنَا أُحِسُّ بِالْحَرَارَةِ	میں گرمی محسوس کر رہا ہوں۔
بَدَأْتُ هٰذَا الْعَمَلَ قَبْلَ ثَلَاثِ سَنَوَاتٍ	میں نے یہ کام تین سال پہلے شروع کیا تھا۔
سَوْفَ أَرْجِعُ إِلَى بَلَدِيْ بَعْدَ سَنَةٍ	میں ایک سال بعد اپنے وطن واپس لوٹ جاؤں گا۔
أَنَا أُفَكِّرُ فِيْ هٰذَا الْعَمَلِ	میں اس کام کے بارے میں غور کر رہا ہوں۔
بَعْدَ مَوْسِمِ الْحَجِّ سَوْفَ أَزُوْرُ أَصْدِقَائِيْ	حج کے بعد میں اپنے دوستوں سے ملوں گا۔
هَلْ عِنْدَكَ إِقَامَةٌ؟	کیا آپ کے پاس اقامہ ہے؟
عِنْدِيْ إِقَامَةٌ لِمُدَّةِ ثَلَاثِ سَنَوَاتٍ	میرے پاس تین سال کا اقامہ ہے۔
أَنَا أَشْتَغِلُ فِيْ مَكْتَبَةِ دَارِ السَّلَامِ	میں مکتبہ دارالسلام میں کام کرتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَبْقَى فِي الْعَاصِمَةِ ثَلَاثَةَ أَيَّامٍ	میں دارالحکومت میں تین دن رہنا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَحْلِقَ رَأْسِيْ وَاَغْتَسِلَ	میں سر منڈوا کر نہانا چاہتا ہوں۔
أُرِيْدُ أَنْ أَشْتَرِيَ طِيْبًا	میں عطر خریدنا چاہتا ہوں۔

تَعَالْ، نَذْهَبُ اِلٰی مَحَطَّةِ الْقِطَارِ	آئیے، ریلوے اسٹیشن چلیں۔
تَعَالْ، نَذْهَبُ اِلٰی مَوْقِفِ السَّيَّارَاتِ	آئیے، ٹیکسی سٹینڈ چلیں۔
تَعَالْ، نَذْهَبُ اِلٰی سُوْقِ الْجُمْعَةِ	آئیے، جمعہ بازار چلیں۔
أُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِیَ بَعْضَ الْهَدَايَا لِوَالِدِیْ	میں اپنے والد کے لیے کچھ تحائف خریدنا چاہتا ہوں۔
تَبْدَأُ خُطْبَةُ الْجُمْعَةِ فِی السَّاعَةِ الْوَاحِدَةِ	خطبہ جمعہ ایک بجے شروع ہوتا ہے۔
اَنَا اَرْجِعُ مِنَ الشَّرِكَةِ بَعْدَ الْعَصْرِ	میں عصر کے بعد کمپنی سے لوٹ آؤں گا۔
اَنَا اَسْكُنُ بِالدَّوْرِ الرَّابِعِ مِنَ الشُّقَّةِ	میں فلیٹ کی چوتھی منزل پر رہتا ہوں۔
هٰذِهٖ غُرْفَةُ الْجُلُوْسِ	یہ ڈرائنگ روم ہے۔
هٰذِهٖ غُرْفَةُ الضُّيُوْفِ	یہ مہمان خانہ ہے۔
هَلْ هٰذِهٖ مَلَابِسُ جَدِيْدَةٌ؟	کیا یہ نئے کپڑے ہیں؟
ذَهَبْتُ اِلَی الْمُسْتَشْفٰی لِاَنَّ وَالِدِیْ مَرِيْضٌ	میں ہسپتال گیا تھا، اس لیے کہ میرے والد بیمار ہیں۔
ذَهَبْتُ اِلَی الْعِيَادَةِ لِاَنَّ اَخِیْ مَرِيْضٌ	میں کلینک گیا تھا، اس لیے کہ میرا بھائی بیمار ہے۔
تَكَلَّمْتُ الطَّبِيْبَ فِیْ مَرَضِ وَالِدَتِیْ	میں نے ڈاکٹر سے اپنی والدہ کی بیماری کے بارے میں بات کی۔
لَا بُدَّ اَنْ تَسْتَرِيْحَ كَثِيْرًا	تمہیں لازمی طور پر زیادہ آرام کرنا چاہیے۔
شَغِّلِ الْمِرْوَحَةَ	پنکھا چلا دو۔
شَغِّلِ الْمُكَيِّفَ	اے۔ سی چلا دو۔

اَعُوْدُ اِلَى الْفُنْدُقِ بَعْدَ الْعِشَآءِ	میں عشاء کے بعد ہوٹل واپس آتا ہوں۔
سَوْفَ اَرْجِعُ اِلَى الْبَيْتِ بَعْدَ سَاعَةٍ	میں ایک گھنٹے کے بعد گھر لوٹوں گا۔
اَنَا اَنَامُ مُتَاَخِّرًا	میں دیر سے سوتا ہوں۔
اَنَا اَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرًا	میں جلد اُٹھتا ہوں۔
اَنَا اَسْتَعِدُّ اَنْ اَصُوْمَ غَدًا	میں صبح روزہ رکھنے کی تیاری کر رہا ہوں۔
هٰذَا شَهْرُ رَمَضَانَ ، شَهْرٌ مُبَارَكٌ	یہ رمضان کا مہینا ہے، مبارک مہینا۔
هَلْ اَنْتَ تَصُوْمُ رَمَضَانَ؟	کیا آپ رمضان کے روزے رکھتے ہیں؟
هَلْ صُمْتَ الْعَامَ الْمَاضِي	کیا آپ نے گزشتہ سال روزے رکھے تھے؟
نَعَمْ! اَنَا اَصُوْمُ كُلَّ سَنَةٍ	جی ہاں! میں ہر سال روزے رکھتا ہوں۔
سَنُصَلِّي التَّرَاوِيحَ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ	ہم نماز تراویح مسجد حرام میں پڑھیں گے۔
عُدْنَا الْبَارِحَةَ اِلَى الْبَيْتِ قُبَيْلَ صَلَاةِ الْفَجْرِ	گزشتہ رات ہم نماز فجر کے قریب لوٹے۔
تَفَضَّلْ، تَنَاوَلْ مَعِيَ الْاِفْطَارَ	تشریف رکھیے، میرے ساتھ روزہ افطار کیجیے۔
حَسَنًا اَتَنَاوَلُ مَعَكَ الْاِفْطَارَ هٰذَا الْيَوْمَ	بہت اچھا! آج میں آپ کے ساتھ روزہ افطار کروں گا۔
عَلٰى كُلِّ حَالٍ نَحْنُ فِي انْتِظَارِكَ	بہر حال ہم آپ کا انتظار کریں گے۔
اَنَا اَقْضِيْ رَمَضَانَ فِيْ مَكَّةَ الْمُكَرَّمَةِ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ	ان شاء اللہ میں رمضان مکہ مکرمہ میں گزاروں گا۔
اَنَا اُحِبُّ اَنْ اَخْتِمَ الْقُرْاٰنَ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ	میری خواہش ہے کہ اس مہینے میں قرآن ختم کروں۔

هُوَ رَجُلٌ صَادِقٌ وَّ اَمِيْنٌ	وہ سچا اور امانت دار آدمی ہے۔
اَتَمَنّٰى اَنْ اَزُوْرَ هٰذَا الْبَيْتَ كُلَّ عَامٍ	میری تمنا ہے کہ ہر سال اس گھر کی زیارت کروں۔
نَذْهَبُ بَعْدَ الصَّلٰوةِ مُبَاشَرَةً اِلَى الْمَطَارِ	ہم نماز کے فوراً بعد ایئر پورٹ جائیں گے۔
نَذْهَبُ بَعْدَ الصَّلٰوةِ مُبَاشَرَةً اِلَى الْمَحَطَّةِ	ہم نماز کے فوراً بعد اسٹیشن جائیں گے۔
اَنَا اُطَالِعُ بَعْضَ الْكُتُبِ	میں بعض کتابوں کا مطالعہ کروں گا۔
اَنَا اَقْرَءُ الْجَرِيْدَةَ	میں اخبار پڑھتا ہوں۔
مَاذَا تَعْمَلُ؟	آپ کیا کام کرتے ہیں؟
اَنَا اَعْمَلُ فِيْ مَصْنَعِ السَّيَّارَاتِ	میں کاریں بنانے کی کمپنی میں کام کرتا ہوں۔
هَلْ هٰذِهٖ سَيَّارَتِيْ؟	کیا یہ میری کار ہے؟
صَارَ لِيْ شَهْرٌ فِيْ هٰذَا الْبَلَدِ	مجھے اس ملک میں ایک مہینا ہو گیا ہے۔
صَارَ لِيْ شَهْرٌ فِيْ هٰذِهِ الْمَدِيْنَةِ	مجھے اس شہر میں ایک مہینا ہو گیا ہے۔
اَنَا مُتَاَسِّفٌ جِدًّا	مجھے بہت افسوس ہے۔
لَسْتُ حَامِلًا مَعِيَ فُلُوْسًا / لَيْسَتْ مَعِيَ فُلُوْسٌ	میرے پاس پیسے نہیں ہیں۔
فُقِدَ مِنِّيْ مَالِيْ	میرا مال گم ہو گیا ہے۔
هٰذَا مَا كُنْتُ اَبْغِيْ	میں یہی تلاش کر رہا تھا۔
شُكْرًا جَزِيْلًا	آپ کا بہت بہت شکریہ
اِنِّيْ اُحْسِنُ الظَّنَّ بِكُمْ	آپ کے بارے میں میرا گمان بہت اچھا ہے۔
اِنْتَهٰى فَصْلُ الصَّيْفِ	گرمی کا موسم گزر گیا۔

هٰذَا لَا يَتَعَلَّقُ بِيْ	اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں
تُبَاعُ الْاَشْيَاءُ هُنَاكَ رَخِيْصَةً	وہاں چیزیں سستی فروخت ہوتی ہیں۔
بِكَمْ اشْتَرَيْتَ هٰذِهِ الْعُلْبَةَ؟	یہ ڈبہ آپ نے کتنے کا خریدا ہے؟
كُلُّ شَيْءٍ يُبَاعُ هُنَا غَالِيًا	یہاں ہر چیز مہنگی فروخت ہوتی ہے۔
سَوْفَ اَرْجِعُ اِلٰی اَهْلِيْ	عنقریب میں اپنے گھر والوں کی طرف لوٹوں گا۔
لَا اَفْهَمُ كَلَامَكَ	آپ کی بات میری سمجھ میں نہیں آئی۔
مَافَهِمْتُ كَلَامَكَ	میں آپ کی بات نہیں سمجھا۔
هٰذَا دُكَّانُ الْخَبَّازِ	یہ نانبائی کی دکان ہے۔
اُرِيْدُ شِرَاءَ الْخُبْزِ	میں روٹی خریدنا چاہتا ہوں۔
هٰذَا دُكَّانُ الْجَزَّارِ	یہ قصاب کی دکان ہے
اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِيَ لَحْمَ الْبَقَرِ	میں گائے کا گوشت خریدنا چاہتا ہوں۔
اُرِيْدُ لَحْمَ الْغَنَمِ	مجھے بکرے کا گوشت چاہیے
اُرِيْدُ لَحْمَ الْعِجْلِ	مجھے بچھڑے کا گوشت چاہیے۔

اَلْجُمَلُ الْمُفِيْدَةُ — روزمرہ بات چیت میں استعمال ہونے والے چھوٹے چھوٹے مفید جملے

السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
مَنْ اَنْتَ؟	آپ کون ہیں؟
مَااسْمُكَ؟	آپ کا نام کیا ہے؟

تَعَالَ هُنَا	یہاں آیئے!
اِذْهَبْ هُنَاكَ	وہاں جایئے!
مِنْ اَيْنَ جِئْتَ؟	آپ کہاں سے آئے ہیں؟
لِمَ جِئْتَ؟	آپ کیوں آئے ہیں؟
كَيْفَ حَالُكَ؟	آپ کا کیا حال ہے؟
اَيْنَ بَيْتُكَ؟	آپ کا گھر کہاں ہے؟
اِجْلِسْ عِنْدِیْ / اُدْنُ مِنِّیْ / تَقَرَّبْ اِلَیَّ	میرے پاس بیٹھ جایئے۔
اِجْلِسْ مُسْتَرِيْحًا	آرام سے بیٹھیے۔
اِجْلِسْ سَوِيًّا	اچھی طرح بیٹھیے۔
اِجْلِسْ مُتَفَسِّحًا	کھل کر بیٹھیے۔
اَيْنَ تَذْهَبُ؟ / اَيْنَ تَرُوْحُ؟	آپ کہاں جاتے ہیں؟
اَنَا عَطْشَانُ	میں پیاسا ہوں۔
جِئْ مَآءً / اِيْتِ بِالْمَاءِ	پانی لایئے۔
جِئْ بِسُرْعَةٍ / اَعْطِنِیْ بِسُرْعَةٍ	جلدی لایئے۔
اِسْقِنِیْ مَآءً بَارِدًا	مجھے ٹھنڈا پانی پلائیں۔
لَا تَسْقِنِیْ مَآءً حَمِيْمًا	مجھے گرم پانی مت پلائیں۔
جِئْ مَآءً طَرِيًّا	تازہ پانی لائیں۔
لَا تَاْكُلْ خُبْزًا جَافًّا	سوکھی روٹی مت کھائیں۔

اَنَا جَائِعٌ	میں بھوکا ہوں۔
اَطْعِمْنِیْ شَیْئًا	مجھے کچھ کھلائیں۔
شَبِعْتُ	میں سیر ہو گیا۔
سَخِّنِ الْمَآءَ	پانی گرم کریں۔
بَرِّدِ الْمَآءَ	پانی ٹھنڈا کریں۔
حُمَّ الْمَآءُ	پانی گرم ہو گیا۔
بَرَدَ الْمَآءُ	پانی ٹھنڈا ہو گیا۔
اِجْلِسْ سَاکِتًا	خاموشی سے بیٹھ جاؤ۔
اِمْشِ عَلٰی هَوْنِكَ	آہستہ چلو۔
مَاذَا تَقْرَأُ؟	آپ کیا پڑھ رہے ہیں؟
اَقْرَأُ دَرْسِیْ	میں اپنا سبق پڑھ رہا ہوں۔
اِقْرَأْ بِصَوْتٍ عَالٍ	بلند آواز سے پڑھیے۔
فَرَّ عِنْدَ مَا جِئْتُ	میرے آنے پر وہ بھاگ گیا۔
مَاذَا صَائِرٌ؟	کیا ہو رہا ہے؟
فَضْلًا عَنْ ذٰلِكَ	چہ جائیکہ۔
اَلْحَقُّ مَعَكَ / اِنَّكَ مُصِیْبٌ	آپ ٹھیک کہتے ہیں۔
اِنَّكَ مُخْطِئٌ	آپ غلطی پر ہیں۔
اَلْاٰنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ	اب آپ نے ٹھیک بات کہی۔

ضَعْهُ جَانِبًا	اس کو ایک طرف رکھ دیں۔
أَكْثَرُ مِنْ كُلِّ حِيْنٍ	ہمیشہ سے زیادہ۔
كَمَا	جیسا کہ / چونکہ
كَمَا هُوَ	جیسا کہ وہ۔
كَمَا تَرٰى	جیسے آپ مناسب سمجھیں۔
عَلَى الرَّاجِحِ	غالبًا۔
عَلَى الْأَقَلِّ	کم سے کم۔
كَيْفَ مَا أَمْكَنَ	جس طرح ہو سکے۔
قَدْرَمَا أَمْكَنَ	جتنا ہو سکے۔
بِأَسْرَعِ مَا يُمْكِنُ	جتنی جلدی ہو سکے۔
مَالَهُ	اُسے کیا ہے۔
اَلْمَكَانُ الْمُرِيْحُ	خوشگوار مقام۔
اِحْتَرِسْ مَرَّةً أُخْرٰى	آئندہ احتیاط کریں۔
لَا تَعُدْ تَفْعَلُ ذٰلِكَ	پھر ایسا نہ کرنا۔
اِبْتَعِدْ عَنْ أَمَامِيْ	میرے سامنے سے دور ہو جاؤ۔
أَسْرِعْ إِلَيَّ	جلدی میرے پاس آؤ۔
هٰذَا الْخَبَرُ عَارٍ عَنِ الصِّحَّةِ	یہ افواہ غلط ہے۔
أَوْشَكْتُ أَنْ أَمُوْتَ جُوْعًا	عنقریب میں بھوکا مر جاؤں گا۔

لَسْتُ اَسْتَغْنِیْ عَنْهُ	اس کے بغیر میرا کام نہیں چل سکتا۔
اِقْبِضْ عَلَيْهِ جَيِّدًا	اسے مضبوطی سے پکڑو۔
اَنَا مَشْغُوْلٌ جِدًّا فِیْ عَمَلِیْ	میں اپنے کام میں بہت مصروف ہوں۔
اَنَا رَاضٍ عَنْكَ.	میں آپ سے خوش ہوں۔
هُوَ سَاخِطٌ عَلَيْكَ	وہ آپ سے ناراض ہے۔
بِكَمْ يُسَاوِیْ عِنْدَكَ ؟	آپ کے نزدیک اس کی کیا قیمت ہے؟
لَيْسَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ	مجھے اس کا علم نہیں۔
اَعْتَذِرُ اِلَيْكُمْ	میں آپ سے معذرت کرتا ہوں۔
اَنَا مُتَاَسِّفٌ عَلَيْهِ	مجھے اس پر افسوس ہے۔
سُلُوْكُهٗ غَيْرُ جَيِّدٍ	اس کا چال چلن اچھا نہیں۔
لَسْتُ رَاضِيًا بِسُلُوْكِهٖ	مجھے اس کا چال چلن پسند نہیں۔
مَارَاَيْتُ شَيْئًا اَجْمَلَ مِنْهُ	میں نے اس سے خوبصورت کوئی چیز نہیں دیکھی۔
لَا تَغْضَبْ	غصہ نہ کر۔
لَا تَحَاسَدُوْا	ایک دوسرے سے حسد نہ کرو۔
اِنِّیْ فِیْ غَايَةِ الْاِمْتِنَانِ لِحَنَانِكُمْ	میں آپ کا بے حد ممنون ہوں۔
اِتَّقُوْا مَوَاضِعَ التُّهَمِ	تہمت کی جگہوں سے بچو۔
لَقَدْ سَرَّتْنِیْ زِيَارَتُكُمْ	مجھے آپ سے مل کر خوشی ہوئی۔
اَرْجُوْ اَنْ تَعْفُوْ عَنِّیْ	اُمید ہے آپ مجھے معاف کردیں گے۔

اَنْتَ مُخْطِیءٌ وَاَنَا مُصِیْبٌ	آپ غلطی پر ہیں اور میں راستی پر ہوں۔
اَنْتَ تَسْتَحِقُّ اللَّوْمَ	آپ ملامت کے مستحق ہیں۔
نَزَلَ بِهِ الضَّیْفُ	اس کے ہاں مہمان آیا۔
وُعِكَ اَخِیْ بِالْاَمْسِ	کل میرے بھائی کو بخار ہوگیا۔
عَلَیَّ بِهِ	اسے میرے پاس لاؤ۔
هٰذَا عَارٌ عَلَیْکَ	یہ آپ کے لیے بہت شرم کی بات ہے۔
اُرِیْدُ مِنْ صَمِیْمِ الْقَلْبِ	میں تہ دل سے چاہتا ہوں۔
لَا تَفْضَحْنِیْ اَمَامَ النَّاسِ	لوگوں کے سامنے مجھے شرمندہ نہ کریں۔
هٰذِهٖ مِضَبَّةٌ	یہ صابن دانی ہے۔
اَرِنِیْ مَاجِئْتَ بِهٖ	جو آپ لائے ہیں، مجھے دکھائیں۔
مَا اَحْلٰی کَلَامُهٗ	وہ کتنا شیریں کلام ہے۔
اِجْتَنِبُوْا سُوْٓءَ الظَّنِّ	بدگمانی سے بچو۔
خَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ	لوگوں سے اچھے طریقے سے پیش آؤ۔
وَصَلَ اِلَیَّ کِتَابٌ مِّنْ بَیْتِیْ	مجھے گھر سے خط آیا۔
لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْیَوْمِ اِلَی الْغَدِ	آج کا کام کل پر مت چھوڑو۔
اِعْمَلُوا الْیَوْمَ مَاشِئْتُمْ	جو کرنا ہے آج کرلو۔
لَا یَعْلَمُ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰهُ	غیب اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔
لَا نَدْرِیْ مَاذَا نَکْسِبُ غَدًا	ہم نہیں جانتے کل ہم کیا کریں گے۔

اِفْشَاءُ السِّرِّ جَهْلٌ	راز فاش کرنا نادانی ہے۔
اَلصِّدْقُ مَحْبُوْبٌ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى	سچائی اللہ تعالیٰ کو محبوب ہے۔
اَلْيَوْمَ عِنْدِىْ شُغْلٌ هَامٌّ	آج مجھے ضروری کام ہے۔
اَلْيَوْمَ اَفْطَرْنَا عِنْدَ صَاحِبٍ لَّنَا	آج ہم نے ایک دوست کے پاس ناشتا کیا۔
عِنْدِىْ اَشْغَالٌ كَثِيْرَةٌ	مجھے بہت کام ہیں۔
لَا تَحَادَثُوْا فِى الْمَسْجِدِ	مسجد میں باتیں نہ کرو۔
اَسْعَدَ اللّٰهُ اَوْقَاتَكَ	اللہ تمہارے اوقات مبارک کرے۔
كَيْفَ صِحَّتُكَ؟	آپ کی صحت کیسی ہے؟
اَحْسَنُ الْاٰنَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ	اللہ کا شکر ہے، اب اچھا ہوں۔
كَيْفَ حَالُ الْعَائِلَةِ	بال بچے کیسے ہیں؟
صَارَ الْجَوُّ رَدِيْئًا	موسم خراب ہوگیا۔
اَرْتَعِدُ مِنَ الْبَرْدِ	میں سردی سے کانپ رہا ہوں۔
هٰذِهِ اللَّيْلَةُ تَكُوْنُ مُقْمِرَةً	آج کی رات چاندنی ہوگی۔
سَمِّعُوْنِىْ دُرُوْسَكُمْ	مجھے اپنے اسباق سناؤ۔
اَكْتُبُ بِالْقَلَمِ	میں قلم سے لکھتا ہوں۔
هٰذَا الْقِرْطَاسُ خَشِنٌ	یہ کاغذ کھردرا ہے۔
خُذْ قَلَمَ الرَّصَاصِ	پنسل پکڑو۔
دَقَّ الْجَرَسُ	گھنٹی بج گئی۔

اِسْتَوٰی قَائِمًا	وہ سیدھا کھڑا ہے۔
سَهِرْتُ اللَّيْلَ كُلَّهَا	میں ساری رات جاگتا رہا ہوں۔
هِيَ تَسْتَيْقِظُ مُبَكِّرَةً	وہ صبح سویرے جاگتی ہے۔
تَسْتَيْقِظُ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ	تم سورج نکلنے کے بعد جاگتے ہو۔
اُذْكُرُوا اللّٰهَ تَعَالٰى قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ	کھڑے، بیٹھے اور لیٹے ہوئے اللہ کو یاد کرو۔

حِوَارٌ عَنِ الصَّلَاةِ — دو ملاقاتیوں میں نماز کے متعلق گفتگو

السلام عليكم و رحمة الله	السلام علیکم ورحمۃ اللہ
وعليكم السلام و رحمة الله و بركاته	وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
اَيْنَ تُصَلِّي الصَّلَوٰتِ الْخَمْسَ	آپ پانچوں نمازیں کہاں ادا کرتے ہیں۔
اُصَلِّي الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ فِي مَسْجِدِ الْمَكْتَبِ	میں ظہر عصر دفتر کی مسجد میں ادا کرتا ہوں۔
وَاُصَلِّي الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ فِي مَسْجِدِ قُبَاءَ	مغرب اور عشاء مسجد قباء میں ادا کرتا ہوں۔
وَاَيْنَ تُصَلِّي الْفَجْرَ؟	اور آپ فجر کی نماز کہاں پڑھتے ہیں؟
اُصَلِّي الْفَجْرَ فِي الْبَيْتِ	میں فجر کی نماز گھر ہی پر ادا کر لیتا ہوں۔
لِمَاذَا تُصَلِّي الْفَجْرَ فِي الْبَيْتِ؟	آپ نماز فجر گھر پر کیوں پڑھتے ہیں؟
لِاَنِّي لَا اَسْمَعُ الْاَذَانَ	کیوں کہ مجھے اذان سنائی نہیں دیتی
هَلْ تَسْتَيْقِظُ مُتَاَخِّرًا؟	کیا آپ دیر سے اُٹھتے ہیں؟
نَعَمْ، اَسْتَيْقِظُ مُتَاَخِّرًا	ہاں، میں دیر سے اُٹھتا ہوں۔

أَمَا تَعْرِفُ أَنَّ الصَّلٰوةَ كَانَتْ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ كِتَابًا مَوْقُوْتًا؟	کیا آپ نہیں جانتے کہ نماز مومنوں پر مقررہ وقت پر فرض ہے؟
لَا بُدَّ لَكَ أَنْ تَسْتَيْقِظَ مُبَكِّرًا وَتُصَلِّيَ الْفَجْرَ بِالْجَمَاعَةِ	آپ کو لازماً جلدی اُٹھنا چاہیے اور نمازِ فجر باجماعت ادا کرنی چاہیے۔
لَا أَسْتَطِيْعُ	میں ایسا نہیں کرسکتا۔
لِمَاذَا لَا تَسْتَطِيْعُ؟	آپ کیوں ایسا نہیں کرسکتے؟
لِأَنِّيْ أَعْمَلُ فِي اللَّيْلِ	اس لیے کہ میں رات کو کام کرتا ہوں۔
اَلصَّلٰوةُ بِالْجَمَاعَةِ أَوْلٰى مِنَ الْعَمَلِ بِاللَّيْلِ	نماز باجماعت ادا کرنا رات کو کام کرنے سے زیادہ ضروری ہے۔
مَا أَسْمَعُ الْأَذَانَ	مجھے اذان سنائی نہیں دیتی۔
ضَعِ الْمُنَبِّهَ بِجَانِبِكَ	اپنے پاس الارم رکھا کرو۔
هٰذِهِ فِكْرَةٌ طَيِّبَةٌ	یہ بڑی اچھی رائے ہے۔
جَزَاكَ اللهُ خَيْرًا	اللہ آپ کو بہترین بدلہ دے۔
مَعَ السَّلَامَةِ	سلامتی کے ساتھ۔
فِيْ أَمَانِ اللهِ	اللہ حافظ۔

رب ذوالجلال کا پیغام قرآن مجید، عربی

امام کائنات سید الانبیاء ﷺ کا فرمان، عربی

مکہ و مدینہ، مسلمانوں کے دلوں کی دھڑکن

اس کے رہنے والوں کی زبان، عربی

ایسی زبان جس میں خالقِ کائنات کا پیغام ہو۔

ایسی زبان جس میں ہمارے رہبر و رہنما کا فرمان ہو۔

ایسی زبان جسے محبوب ترین شہروں کے رہنے والے بولتے ہوں۔

اس زبان سے محبت لازمی چیز ہے۔

لیکن آج تک اس زبان کو مشکل بنا کر پیش کیا جاتا رہا۔

عام آدمی اس کو سمجھنا اپنے لیے مشکل ہی نہیں ناممکن بھی سمجھتا رہا۔

دارالسلام سٹوڈیو لاہور پاکستان نے "آیئے عربی سیکھیں" کتاب اور کیسٹس / سی ڈیز کی مدد سے اس کو بالکل آسان بنا دیا ہے۔ چار رنگوں سے مزین یہ کتاب ایک منفرد کاوش اور آسان و عام فہم زبان کی حیثیت سے ایک بے مثال پیشکش ہے، جسے پڑھ کر آپ عربی زبان کو نہ صرف آسانی سے سمجھیں گے بلکہ کیسٹس / سی ڈیز کی معاونت سے عربی بولنے کی صلاحیت بھی حاصل کر لیں گے۔

یہ صلاحیت جہاں آپ کو دین سمجھنے میں معاون ہوگی، وہاں حج، عمرہ اور کاروبار کے وقت عرب ممالک میں ترجمان کی محتاجی سے بھی بچائے گی اور دین و دنیا دونوں میں کامیابی کا ذریعہ بھی ثابت ہوگی۔ ان شاء اللہ